**Modalitet: 'å burde', 'å måtte'**

**<u>Øvelse 1</u>**

*a) Hvordan kan vi uttrykke følgende setninger på urdu?*

ہمیں یہاں رہنا چاہئے ۔
لڑکی کو یہ دوا کھانی چاہئے ۔

ہمیں یہاں رہنا ہے ۔
لڑکی کو یہ دوا کھانی ہے ۔

ہمیں یہاں رہنا پڑتا ہے / پڑے گا ۔
لڑکی کو یہ دوا کھانی پڑتی ہے / پڑے گی ۔

*b) Hva slags konstruksjon opptrer i alle disse setningene?*
Svar: Upersonlig konstruksjon

*c) Kan alle de tre konstruksjonene brukes i alle verbaltider?*
Svar: Nei, **cāhie** forekommer bare i presens og fortid. **honā** kan brukes i alle verbaltidene som forekommer med **honā**. **paṛnā** kan brukes i de fleste verbaltidene (men sjeldent i progressive verbaltider)

**<u>Øvelse 2:</u> 'å måtte'**

*Skriv ferdig følgende setninger ved å sette inn ordene i parentes.*

a) کل مجھے چار خط لکھنے ہیں (ہوں گے) / چار چھٹّیاں لکھنی ہیں (ہوں گی) ۔
کل مجھے اِس دوا کو کھانا تھا / یہ دوا کھانی تھی ۔
کل مجھے اپنے اُستاد سے ملنا تھا ۔
کل مجھے اپنے کپڑے دھونے تھے ۔
کل مجھے گھر صاف کرنا ہو گا ۔

b) ہمیں اپنا مکان بیچنا تھا ۔
ہمیں دادا جی کے لئے کھانا پکانا ہے ۔
ہمیں نئی گاڑی خریدنی ہو گی ۔
ہمیں پیدل جانا ہو گا ۔
ہمیں تین کہانیاں پڑھنی تھیں ۔

**<u>Øvelse 3:</u> 'å burde'**

*Erstatt konjunktiv med en tilpasset* INFINITIV + **cāhie**-*konstruksjon. Husk mulige endringer i setningsstruktur*

پ ۔ وہ چاہتے ہیں کہ بچّے اُردو سیکھیں ← بچّوں کو اُردو سیکھنی چاہئے ۔
ت ۔ وہ چاہتے ہیں کہ آپ یہاں رہیں ← آپ کو یہاں رہنا چاہئے ۔
ٹ ۔ وہ چاہتے ہیں کہ تم اُستاد کی صلاح لے لو ← تمہیں اُستاد کی صلاح لینی چاہئے ۔

ث ۔ وہ چاہتے ہیں کہ میں رکشے میں جاؤں ← مجھے رکشے میں جانا چاہئے ۔

**Øvelse 5: lagnā**

*Svar på følgende spørsmål ved å bruke ord som står i parentes.*

ا ۔ انجم کو اُردو سیکھنے میں دو سال لگے ۔
ب ۔ لاہور جانے میں آٹھ گھنٹے لگیں گے ۔
پ ۔ چائے بنانے میں پانچ منٹ لگتے ہیں ۔
ت ۔ آپ کو (مجھے) گھر پہنچنے میں آدھا گھنٹہ لگا ۔
ٹ ۔ فلم دیکھنے کے لئے ٦٠ روپئے لگتے ہیں ۔
ث ۔ گھڑی کی مرمّت کرنے میں ١٠٠ روپئے لگیں گے ۔

**Øvelse 6: lagnā**

*Skift ut understrekede ord. Du kan også variere setningen ved å sette inn et annet adjektiv i stedenfor* **ajīb**, *for eksempel:* **sac**, **sac nahī̃**, **dilcasp**.

یہ ناول تھوڑا عجیب لگتا ہے ۔
یہ آدمی ( یہ لوگ) تھوڑے عجیب لگتے ہیں ۔
وہ عورتیں تھوڑی عجیب لگتی ہیں ۔
یہ بات تھوڑی عجیب لگتی ہے ۔
وہ جُملہ تھوڑا عجیب لگتا ہے ۔

**Øvelse 7: lagnā**

*Skift ut understrekede ord ved ordene i parentes og oversett den nye setningen! Du kan også variere setningen ved å bruke et annet subjekt.*

بچّوں کو پیاس لگی ہے ۔
بچّوں کو سردی لگی ہے ۔
بچّوں کو گرمی لگی ہے ۔
بچّوں کو ڈر لگا ہے ۔

**Øvelse 8: lagnā ('å begynne')**

*Skift ut de understrekede verbene ved en* INFINITIV **+ lagnā**-*konstruksjon etter mønsteret. Husk mulige endringer i setningsstrukturen.*

١ ۔ دادا جی نے کہانی سنائی ← دادا جی کہانی سنانے لگے ۔
٢ ۔ نجمہ نے سوچا کہ اب کوئی نہیں آئے گا ← نجمہ سوچنے لگی کہ اب کوئی نہیں آئے گا ۔

۳ ۔ کھلاڑیوں نے کرکٹ کھیلا ← کھلاڑی کرکٹ کھیلنے لگے ۔

۴ ۔ لڑکیوں نے گیت گایا ← لڑکیاں گیت گانے لگیں ۔

۵ ۔ سکول سے واپس آنے کے بعد بچّے فٹبال کھیلتے ہیں ← سکول سے واپس آنے کے بعد بچّے فٹبال کھیلنے لگے / کھیلنے لگتے ہیں ۔

۶ ۔ بچّہ اُس کُتّے کو دیکھ کر روتا ہے ← بچّہ اُس کُتّے کو دیکھ کر رونے لگتا ہے ۔

**<u>Øvelse 9:</u> milnā**

*Kan dere forklare forskjellen mellom de følgende setningene?*

I går traff jeg Doktor Rahim (etter avtale). ا ۔ کل میں ڈاکٹر رحیم سے ملا ۔

I går støtte jeg på Doktor Rahim. ب ۔ کل مجھے ڈاکٹر رحیم ملے ۔

**<u>Øvelse 10:</u> milnā**

*Skift ut understrekede ordene. Husk mulige endringer i verbet.*

یہاں سبزی خوروں والا کھانا نہیں ملتا ۔

یہاں پاکستانی اخبار نہیں ملتے ۔

یہاں سستی کتابیں نہیں ملتیں ۔

یہاں صاف پانی نہیں ملتا ۔

یہاں دکانیں نہیں ملتیں ۔

6: Lytteprøver

Lytteprøve 1*

پاکستان انٹرنیشنل ائیر لائین کی پرواز PK 707 موسم کی خرابی کی وجہ سے اب پانچ بجے شام کی بجائے آٹھ بجے رات کو روانہ ہو گی ۔ مسافروں سے درخواست ہے کہ وہ ڈیپارچر لاؤنج میں انتظار کریں ۔ شکریہ

Lytteprøve 2 **

لوگ ہزاروں سال سے سفر کر رہے ہیں ۔ سفر کی مختلف وجوہ ہوتی ہیں ۔ کبھی روزگار کی تلاش میں ایک جگہ سے دوسری جگہ جاتے ہیں ۔ کبھی ملک کے سیاسی حالات کی وجہ سے سفر کرتے ہیں ۔ کبھی تجارت کے سلسلے میں اور کبھی تعلیم کے سلسلے میں ۔ کبھی

* Bearbeidet fra Rizvi, Roohi, *New National Curriculum Basic Level Urdu, Key Stage 3, Textbook and Workbook*, s. 135. Urdu Academy International Limited, Birmingham

** Bearbeidet fra Rizvi, Roohi, *New National Curriculum GCSE Urdu Book 2, Textbook and Workbook*, s. 54. Urdu Academy International Limited, Birmingham, 1994.

رشتہ داروں سے ملنے اور کبھی مذہبی مقامات کی زیارت کے لیے سفر ہوتا ہے ۔ پہلے سفر پیدل ، اونٹوں اور گھوڑوں کے ذریعے ہوتا تھا ۔ اِس لئے سفر لمبا ، مشکل اور خطرناک ہوتا تھا ۔ پھر وقت کے ساتھ ساتھ پانی میں چلنے والی کشتیاں بننے لگیں ۔ اب دنیا کی ترقی کے ساتھ آمد و رفت کے نئے ذرائع پیدا ہو گئے ہیں ۔ اور سفر بہت آسان ، محفوظ اور مختصر ہو گیا ہے ۔ اور مہینوں کا راستہ گھنٹوں میں طے ہو جاتا ہے ۔